علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ پاکستان اسٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبه! آپ یه بات ذهن نشین کر لیں که

-1 **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

-2 **کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی**

کورس: پاکستانی زبانیں اور ادب-II (4658) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: ایم ایس سی پاکستان اسٹڈیز

ہدایت نامہ برائے طلبہ

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ خوشحال خان خٹک کی پشتو زبان کی ترویج میں ادبی خدمات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ پشتو ڈرامہ کے ارتقاء میں مختلف شخصیات کی خدمات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ پشتو افسانہ کی ادبی تاریخ کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ عہد سلاطین میں پنجابی زبان و ادب خاص کر پنجابی شاعری کے ارتقاء میں مختلف ادیبوں کی کاوشوں کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ پنجابی زبان میں ناول اور افسانہ کی ترویج میں مختلف ادیبوں کی خدمات کا احاطہ کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2
(یونٹ 5 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ سرائیکی زبان کے قدیمی ادب کا تنقیدی جائزہ لیں اور اس کے نمایاں رجحانات کی نشاندہی کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ حبہ خاتون کی کشمیری ادب کے لیے خدمات اور ان کی اہم ادبی تصنیفات کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ بلتی لوک گیتوں میں کن شعراء کا کلام نمایاں حیثیت کا مالک ہے اور اس کے اہم موضوعات کون سے ہیں؟ (20)

سوال نمبر4۔ شینا زبان میں مذہبی شاعری کے قدیم اور جدید رجحانات کا تقابلی مطالعہ کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ کھوار زبان کے ادبی ارتقاء میں امیر گل خان کی خدمات کا جائزہ لیں۔ (20)